

Workers' Compensation Board

# چوٹ کے باعث ملازمت سے عاری ہیں؟ معذوری کی مراعات پر مبنی ہدایت نامہ

نیو یارک میں، منافع جاتی آجرین اور کچھ غیر منافع جاتی آجرین کو معذوری کی مراعات پر مبنی انشورنس رکھنا درکار ہوتا ہے۔ اگر آپ چوٹ لگنے یا جائے ملازمت سے دور ہوتے ہوئے بیماری میں مبتلا ہونے کے باعث کام کرنے کے قابل نہ ہوں تو اس صورت میں یہ آپ کو عارضی نقد مراعات کی ادائیگی کرتی ہے۔ اس میں حمل اور بچے کی پیدائش کے بعد کا عرصہ شامل ہو سکتا ہے۔

## نقد مراعات

یہ مراعات آپ کی ہفتہ وار اوسط اجرت کا 50% ہوتی ہے، اس کی زیادہ سے زیادہ حد $170 فی ہفتہ ہے۔ آپ کی ہفتہ وار اوسط اجرت، آپ کے آخری کام کے دن سے قبل آپ کے کام کے آٹھ ہفتوں کی اجرتوں پر مبنی ہوتی ہے۔ مراعات سوشل سکیورٹی ٹیکسز کے تابع ہوتی ہیں۔

انتظار کی مدت کا دورانیہ سات دن کا ہوتا ہے؛ مراعات کی ابتداء معذوری کے ٹھیک آٹھویں دن سے ہوتی ہے۔ مراعات کی پہلی ادائیگی آپ کی معذوری کے 14ویں روز کے بعد چار کاروباری دنوں کے اندر واجب الادا ہوتی ہے، یا انشورر کو آپ کا دعویٰ موصول ہو جانے کے چار کاروباری دنوں کے بعد، جو صورت زیادہ تاخیر کی حامل ہو اس کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔ معذوری کی مدت کے دوران مراعات ہر دو ہفتوں کے بعد واجب الادا ہوتی ہیں۔

جب آجر کو علم ہو جائے کہ آپ معذور ہو گئے ہیں تو اس پر لازم ہے کہ وہ پانچ دنوں کے اندر آپ کو **حقوق کا بیانیہ - معذوری کی مراعات پر مبنی قانون *(فارم DB-271S)*** فراہم کرے۔

اگر آپ معذوری کے علاوہ کسی اور وجہ سے اپنی ملازمت ترک کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا مراعات کے حصول کا حق متاثر ہو سکتا ہے۔

## پریمیئمز اور کوریج

معذوری کی مراعات پر مبنی انشورنس پریمیئم کو متوازن کرنے کے لیے آجر اپنے ملازمین سے امداد کی مد میں ایک حصہ وصول کر سکتا ہے۔ یہ حصہ اجرتوں کے ایک فیصد کا آدھ، 60 سینٹس فی ہفتہ تک ہو سکتا ہے۔

## دعویٰ کیسے دائر کریں

1. اپنے آجر کے انشورر کے پاس (یا اپنے آجر کو، اگر وہ ذاتی طور پر انشور کردہ ہیں) معذور ہو جانے کے 30 دنوں کے اندر **معذوری کی مراعات کا نوٹس اور دعوے کا ثبوت *(فارم DB-450)*** دائر کریں۔

   یہ فارم wcb.ny.gov پر دستیاب ہے۔

   اگر آپ کے دعوے کے لیے فوری ادائیگی نہ کی جائے، تو اپنے آجر یا اپنے آجر کے انشورر سے رابطہ کریں۔

   اگر آپ تاخیر سے دعویٰ دائر کریں، تو ہو سکتا ہے کہ دعویٰ دائر کرنے کی تاریخ سے قبل دو ہفتوں سے زائد وقت کے لیے آپ کو معذوری کے لیے کوئی ادائیگی نہ کی جائے۔ تاخیر سے دائر کیے گئے دعویٰ جات کو اس صورت میں قبول کیا جا سکتا ہے کہ اگر آپ یہ ظاہر کر سکیں کہ اسے جلد دائر کرنا آپ کے لیے قطعی ممکن نہ تھا۔ اگر آپ معذوری شروع ہونے کے 26 ہفتوں سے زائد وقت کے بعد، یا پھر ملازمت پر واپس آ جانے کے بعد دعویٰ دائر کریں تو کوئی مراعات واجب الادا نہیں ہوں گی۔

2. آپ کے نگہداشت صحت کے فراہم کار کے لیے لازم ہے کہ وہ ***فارم DB-450*** **کے نگہداشت صحت کے فراہم کار کا بیان - حصہ B** مکمل کرے اور اسے وصول کرنے کے سات دنوں کے اندر آپ کو واپس لوٹائے۔

3. آپ کے آجر کے لیے لازم ہے کہ وہ **حصہ B - آجر کی معلومات** مکمل کرے اور اسے وصول کرنے کے تین کاروباری دنوں کے اندر آپ کو واپس لوٹائے۔ اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہیں، تب بھی آپ اپنی درخواست کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔

## لسانی معاونت

ہمارا بورڈ آپ کی مطلوبہ کسی بھی زبان میں دستاویزات کا ترجمہ کرے گا۔ آپ سے کوئی معاوضہ وصول کیے بغیر، یہ آپ کی سماعت کے موقع پر آپ کو ایک مترجم بھی فراہم کرے گا۔ ترجمے یا ترجمانی کا انتظام کروانے کے لیے براہ کرم 4996-632 (877) پر کال کریں۔ اگر آپ ورچوئل سماعتوں سے مستفید ہو رہے ہیں، تو آپ چیک اِن عمل کے دوران بھی ایک ترجمان کی درخواست کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

## حمل

حمل یا بچے کی پیدائش کے بعد کسی بھی وقت معذوری واقع ہو سکتی ہے۔ حاملہ یا نئی مائیں رخصتِ زچگی (maternity leave) کے دوران معذوری کی مراعات حاصل کر سکتی ہیں، اس بنا پر کہ وہ کسی طور پر ان کی اہلیت رکھتی ہوں۔ کسی معالج یا مستند نرس مڈ وائف کی جانب سے میڈیکل رپورٹس کے ذریعے معذوری کی تصدیق ہونا ضروری ہے۔ بعض اوقات پیچیدہ معذوریوں کی صورت میں انشورر زیادہ تفصیلی طبی معلومات کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

## معذوری کی مراعات کے اضافی پلانز

ہو سکتا ہے کہ آپ کا آجر معذوری کی مراعات پر مبنی انشورنس کے اضافی پلان کی پیشکش کرے۔ اضافی پلانز کی مراعات ان کی نسبت مختلف ہوتی ہیں جو یہاں بیان کردہ لازمی (یا قانونی لحاظ سے مشروط) انشورنس کے تحت درکار ہوتی ہیں۔ چونکہ یہ پلانز مختلف ہو سکتے ہیں، لہٰذا ان مراعات کے بارے میں جاننے کے لیے جو آپ کو دستیاب ہو سکتے ہیں، براہ کرم اپنے آجر سے براہ راست رابطہ کریں۔

## بے روزگاری کی انشورنس اور معذوری کی مراعات

اگر آپ بے روزگاری کی مراعات وصول کر رہے ہوں اور ملازمت ختم کرنے کے چار سے 26 ہفتوں کے دوران معذور ہو جائیں، تو آپ معذوری کے پہلے دن سے ہی معذوری کی مراعات کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ تاہم، آپ بے روزگاری کی انشورنس کی مراعات اور معذوری کی مراعات بیک وقت حاصل نہیں کر سکتے۔ آپ صرف اس صورت میں اہل ہوتے ہیں جب آپ بے روزگاری کی انشورنس کی مراعات وصول نہیں کر سکتے کیونکہ کوئی چوٹ یا بیماری آپ کو ملازمت اختیار کرنے سے روکے رکھتی ہے اور اس وجہ سے، آپ کو بے روزگاری کی انشورنس کی مزید مراعات حاصل کرنے کے لیے نااہل ٹھہرا دیتی ہے۔

ذیلی پتے پر ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے ساتھ ***معذوری کی مراعات کا نوٹس اور دعوے کا ثبوت (فارم DB-450)*** براہ راست دائر کریں:

Workers' Compensation Board
Disability Benefits Bureau
P.O. Box 9029
Endicott, NY 13761-9029

## دیگر صورتیں

- **مسترد کردہ دعوٰی:** اگر آپ کا دعوٰی مسترد کر دیا جائے، تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ استرداد پر نظر ثانی کی درخواست دیں۔ اپنی درخواست درج ذیل پتے پر جمع کروائیں:

  Workers' Compensation Board
  Disability Benefits Bureau
  P.O. Box 9029
  Endicott, NY 13761-9029

  اگر آپ تاحال معذور ہیں اور آپ کی مراعات کا سلسلہ 26 ہفتوں پر محیط مراعاتی مدت مکمل ہونے سے قبل رک جاتا ہے اور آپ نے اپنی معذوری کا طبی ثبوت اپنے انشورر کو جمع کروا رکھا ہو، تو اس صورت میں آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ معذوری کی مراعات کے بیورو کو نظر ثانی کی درخواست جمع کروا سکیں۔ طبی ثبوت موصول ہو جانے کے بعد معقول اور درست ثابت ہونے والے دعوے کے سلسلے میں انشورر پر لازم ہوتا ہے کہ وہ مراعات کی ادائیگی کرے۔ اگر ضروری ہو تو، معاملے کے حل کے لیے دعوٰی جج برائے ورکرز کمپنسیشن قانون کو ریفر کیا جائے گا۔
- **ذاتی گاڑی کا حادثہ:** ذاتی گاڑی کے حادثے کے باعث آنے والی چوٹ کے لیے آپ معذوری کی مراعات موصول کر سکتے ہیں۔ تاہم، معذوری کی مراعت کی مد میں ملنے والی رقم کسی ایسی نو فالٹ انشورنس مراعت کو کم کر سکتی ہے جس کے حصول کے لیے آپ اہلیت رکھتے ہوں۔
- **سوشل سکیورٹی مراعات:** اگر آپ تاحال ملازمت اختیار کیے ہوئے ہیں اور سوشل سکیورٹی کی ریٹائرمنٹ مراعات وصول کر رہے ہیں تو ایسی صورت میں آپ معذوری کی مراعات کے اہل ہو سکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ سوشل سکیورٹی کی جانب سے معذوری کی مراعات وصول کر رہے ہیں، اور آپ NYS معذوری کی مراعات کے لیے دعوٰی دائر کرتے ہیں، تو آپ ان دونوں میں سے بڑے حجم والی مراعات حاصل کریں گے، نہ کہ دونوں۔

  مثلاً، اگر آپ کی سوشل سکیورٹی کی معذوری کی مراعت $400 ہے، اور آپ کی NYS کی معذوری کی مراعت $170 ہے، تو آپ صرف $400 وصول کریں گے۔

## پابندیاں

اگر آپ ملازمت اختیار کیے ہوئے ہوں تو آپ معذوری کی مراعات وصول نہیں کر سکتے۔ معذوری کی مراعات پر مبنی انشورنس طبی نگہداشت کا احاطہ نہیں کرتی۔ اختیاری سرجری کے باعث ہونے والی معذوری کے دورانیوں میں مراعات واجب الادا نہیں ہوتیں۔

ہو سکتا ہے کہ متوقع آجرین آپ کو ملازمت دینے سے قبل آپ سے آپ کی معذوری کی مراعات کے دعوٰی جات کے بارے میں نہ پوچھیں۔

UR_WCB-Disability-fs-v4 1-24_URDU

**اپنی معذوری کی مراعات کے دعوے سے متعلق سوالات کے لیے، آپ لازماً اپنے آجر کے انشورر کو کال کریں**

**معذوری کی مراعات سے متعلق عمومی معلومات حاصل کرنے کے لیے، (877) 632-4996 پر کال کریں، یا wcb.ny.gov پر جائیں**

ریاست نیو یارک کا ورکرز کمپنسیشن بورڈ مراعات کی مناسب ترسیل کو یقینی بناتے ہوئے اور قانون کی تعمیل کو فروغ دیتے ہوئے ملازمین اور آجرین کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔ بورڈ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، **wcb.ny.gov** پر جائیں۔ بورڈ کے نوٹیفکیشنز کے لیے **wcb.ny.gov/Notify** پر سائن اپ کریں۔